دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ 'مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ' کے موضوع پر مختصر مدتی تربیتی پروگرام منعقد کرے گا

New Delhi, May 14, 2025

کمپیوٹر انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ، جامعہ ملیہ اسلامیہ 'مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور مشین لرننگ (ایم ایل)' کے موضوع پر ہائی برڈ موڈ میں مختصر مدتی تربیتی پروگرام (ایس ٹی ٹی پی) منعقد کرے گا۔ پچاس گھنٹے کے دورانیے پر مشتمل ایس ٹی ٹی پی یکم جولائی سے شروع ہوگا اور انیس جولائی دو ہزار پچیس تک چلے گا۔ اس کورس کے لیے ریاضی مضمون کے پس منظر والے تمام ڈپلوما، یو جی، پی جی اور پی ایچ ڈی کے امیدوار اہل ہوں گے۔

ایس ٹی ٹی پی کے لیے کل ایک سو ساٹھ نشستیں ہیں جن میں ساٹھ سیٹیں آف لائن شرکا کے لیے ہیں اور سو سیٹیں آن لائن شرکا کو جنھیں پہلے آؤ پہلے پاؤ (ایف ایس ایف ایس) کی بنیاد پر داخلہ دیا جائے گا۔

اس پروگرام میں بیس گھنٹے کی تھیوری کلاس ہوگی اور تیس گھنٹوں پر مشتمل تربیت دی جائے گی۔ اس میں پانچ ماڈیولز ہیں یعنی (ایک) اے آئی کا تعارف اور پائتھون پروگرامنگ کی مبادیات (دو) اپلائیڈ ڈاٹا سائنس وتھ پائیتھون (تین) مشین لرننگ الگورتھم (چار) ڈیپ لرننگ فار کمپیوٹر وژن ود کیراس اینڈ ٹینسر فلو اینڈ (پانچ) ڈیپ لرننگ فار این ایل پی ود کیراس اینڈ ٹنسر فلو۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور دیگر مرکزی اور بین الاقوامی یونیورسٹیوں کے ماہرین، آئی آئی ٹیز، این آئی آئی ٹیز، آئی آئی ٹیز اور صنعت سے وابستہ ماہرین اس پروگرام کے ماہرین خصوصی ہوں گے۔ ایس ٹی ٹی پی کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے پر شرکا کو سند بھی دی جائے گی۔

اضافی معلومات اور آن لائن رجسٹریشن لنک جامعہ کی آفیشیل ویب سائٹ پر موجود ہے جہاں تک درج ذیل لنک کی مدد سے دس مئی دو ہزار پچیس سے پہنچا جا سکتا ہے۔

https://jmi.ac.in/STTP-AIML2025

رابطہ نمبر 011-26980281 (office) & 9212832360.

رجسٹریشن فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ چوبیس مئی دو ہزار پچیس ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ